"زمیندار" کے اولوالعزم اور ایثار پیشہ مالک نے جس کی قومی خدمات اور قربانیاں روز روشن کی طرح عیاں ہیں شدید سے شدید مالی مشکلات کے باوجود کارکنان "زمیندار" کو ان کے واجبات جزوی یا کلی ادا کرنا اپنا اہم ترین فرض قرار دے رکھا ہے۔ جیسا کہ دفتر "زمیندار" کے ریکارڈ سے معلوم ہو سکتا ہے۔

۲۰ر اپریل ۱۹۳۲ء کو عبدالکریم خاور نے دفتر زمیندار کے ایڈورٹائزنگ منیجر کی حیثیت سے ایڈورٹائزنگ ایکسچینج کمپنی لاہور سے ۳۵ر ۱۵ر کی رقم وصول کی۔ لیکن یہ رقم دفتر میں داخل نہیں کی۔ کیا یہ صریح غبن نہیں؟ عبدالکریم خاور نے ایک خاص ٹولی سے مل کر حضرت مولانا ظفر علی خاں کے خلاف غلط بیانی اور افترا پردازی پھیلانا اور "زمیندار" کی شہرت کو نقصان پہنچانا اپنی زندگی کا مقصد وحید قرار دے رکھا ہے۔ کیا ایسا شخص جو ہندوستان کی اسلامی دنیا کے سب سے بڑے اخبار کے خلاف ذلیل اور ناپاک پروپیگنڈا کر رہا ہے۔ قومی غدار نہیں ہے؟ کیا لاہور کی مسلم رائے عامہ ایسی غداری اور فتنہ پردازی کو گوارا کر سکتی ہے؟

ہم برادران اسلام کو آگاہ کر دینا چاہتے ہیں۔ کہ انہیں عبدالکریم خاور اور ان کی ٹولی کی معاندانہ اور خیرہ چشمانہ حرکتوں سے ہرگز متاثر نہیں ہونا چاہیئے۔

(مولوی محمد حسین نیر جنرل سیکرٹری انجمن مجاہدین اسلام۔ لاہور۔)

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کا تازہ ارشاد جماعت کے نام

(چندہ کشمیر جاری رہے گا)

تمام احمدی احباب کرام کو بذریعہ اخبار الفضل یہ اطلاع ہو چکی ہے۔ کہ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز صدارت آل انڈیا کشمیر کمیٹی سے مستعفی ہو چکے ہیں۔ اور جو اعلانات چندہ کشمیر کے متعلق بحیثیت صدر آل انڈیا کشمیر کمیٹی، حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی طرف سے ہوئے تھے۔ وہ بھی منسوخ ہو گئے ہیں۔ باوجود اس کے وضاحت سے یہ اعلان احباب کی اطلاع کے لئے کیا جاتا ہے۔ کہ کسی احمدی سے حضور بحیثیت صدر آل انڈیا کشمیر کمیٹی چندہ کا مطالبہ نہیں فرمائے۔

چندہ کشمیر باقاعدہ ادا کیا جائے

چونکہ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی طرف سے اس خاکسار کو یہ ہدایت ہوئی ہے۔ کہ تمام احمدی جماعتوں میں اطلاع کر دی جائے۔ کہ جہاں حضور صدر آل انڈیا کشمیر کمیٹی کی حیثیت سے چندہ کشمیر فنڈ کا مطالبہ نہیں فرماتے۔ وہاں بحیثیت خلیفۃ المسیح الثانی ارشاد فرماتے ہیں۔ کہ ہر احمدی چندہ کشمیر ایک پائی فی روپیہ ماہوار باقاعدہ ادا کرے۔ اور اس چندہ میں ایسی باقاعدگی کی جائے۔ کہ ہر ایک احمدی سے وصول کیا جائے۔ اور اس چندہ کو اس وقت تک جاری رکھیں۔ جب تک حضور اس چندہ کو بند کرنے کا اعلان نہ فرمائیں۔

چندہ کشمیر عام مسلمانوں سے بھی وصول کیا جائے

نیز یہ بھی احمدی احباب کی اطلاع کے لئے اعلان کیا جاتا ہے۔ کہ وہ ان مسلمانوں سے بھی چندہ کشمیر وصول کر سکتے ہیں۔ جو مظلومان کشمیر کی امداد کے سلسلہ میں احمدیوں کے ساتھ گہری ہمدردی اور دلچسپی رکھتے ہیں۔ اور ان کو یہ اعتماد ہے۔ کہ اگر وہ اپنا مال مظلومین کشمیر کی امداد کے لئے ان کے حوالہ کریں گے۔ تو وہ اپنے محل پر خرچ ہو کر ان کے لئے موجب ثواب ہوگا۔ پس ایسے مسلمانوں سے بھی چندہ کشمیر وصول کیا جائے۔

پس اس مختصر اعلان کے ذریعہ تمام احمدی جماعتوں اور ان افراد کو جن کے چندے براہ راست بیت المال میں آتے ہیں۔ اطلاع کی جاتی ہے۔ کہ باقاعدہ اور باشرح چندہ کشمیر ایک پائی فی روپیہ ماہوار ادا فرمائیں اور اس چندہ کو مرکزی چندوں کے ساتھ محاسب صدر انجمن احمدیہ قادیان کے پتہ سے مع تفصیل بھجوائیں۔

کشمیر کے متعلق زمیندار جماعتوں کا فرض

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے یہ بھی ارشاد فرمایا ہے۔ کہ چونکہ زمینداروں کی فصل ربیع کے برداشت کا وقت ہے۔ اس لئے زمیندار جماعتیں جہاں اپنا چندہ عام وغیرہ باقاعدہ اور باشرح ادا کریں۔ وہاں یہ چندہ بھی دیکر ثواب حاصل کریں۔ پس تمام احمدیوں سے امید کی جاتی ہے۔ کہ وہ حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے اس ارشاد کی تعمیل میں لبیک کہتے ہوئے جہاں اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کریں گے۔ وہاں حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خوشنودی اور دعا کے بھی مستحق ہوں گے۔

(خاکسار برکت علی خاں فنانشل سیکرٹری۔ قادیان)

یاد دہانی

جن خریداران فاروق کے نام حساب اطلاع سلسلہ وصول زکوٰۃ بھیجے گئے ہیں۔ ان کا قرض ہے کہ وہ وصول زکوٰۃ کے مستحق ہوں۔ فاروق میں شائع کرائیں۔ منیجر فاروق)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

پیغامی مشن

بابو عمر الدین شملوی کے بے خطا تیر

پری نہفتہ رخ و دیو در کرشمہ و ناز
بسوخت عقل ز حیرت کہ ایں چہ بوالعجبی است

(۱) بابو عمر دین صاحب جو چند روز پہلے مسیح موعودؑ کی نبوت کے ثابت کرنے کے لئے لیکچر دیا کرتے تھے۔ اور رسالے لکھے مباحثات کئے۔ قادیان سے قطع تعلق کے ساتھ ہی ان پر اصل حقیقت منکشف ہو گئی۔ اور سابقہ علم اور عقائد بے حقیقت ہو گئے۔ وہ عقائد جو قرآن حدیث اور تحریرات مسیح موعودؑ کے مطابق اپنے علم اور تحقیقات کی بناء پر وہ تسلیم کرتے تھے۔ کروٹ لیتے ہی وہ غلط ثابت ہوئے۔ اور جدید عقائد نے اس کی جگہ لی۔ لیکن یہ جدید عقائد انہوں نے کہاں سے لئے۔ اس کی بابت انہوں نے کوئی ثبوت پیش نہیں کیا۔ کہ کسی دارالعلوم میں تعلیم حاصل کر کے یا کسی جدید علم طریق کے حصول سے یا کسی ولی مجتہد یا مجدد جدید کے فیض صحبت سے یا کسی الہام کے ذریعہ سے ان پر صحیح عقائد سابقہ عقائد کے خلاف منکشف ہوئے۔ پس اس تبدیلی کی وجہ دنیا کو دین پر مقدم کرنے کے سوا کیا سمجھی جائے +

---

(۲) پیغام صلح لاہور ۲۳ راپریل ۱۹۳۳ء میں ان کا ایک مضمون "احمد رسول" کے عنوان سے شائع ہوا ہے۔ جس میں انہوں نے حضرت محمود اور قادیانی جماعت کو مخاطب کیا ہے۔ حضرت صاحب کو مخاطب کرنا تو چھوٹا منہ اور بڑی بات ہے۔ اور ان کی دیدہ دلیری پر دلالت کرتا ہے۔ کیونکہ جس کی غلامی میں وہ سالہا سال تک رہے۔ اور جن کے احسانات کے نیچے ان کا رواں رواں دبا ہوا ہے۔ اور جن کے وہ اس وقت تک زیر بار ہیں۔ ان کے ساتھ برابری کا دعویٰ کرنا کونسی عقلمندی ہے۔ البتہ جماعت میں ان کے مقابل بے شمار افراد ہیں۔ جو ان کے تکبر کو توڑ کر ان کی علمی پردہ دری کر سکتے ہیں۔ چنانچہ اس مضمون کے متعلق جس کو وہ بے خطا تیر سمجھ رہے ہیں۔ بفضلہ تعالیٰ میں ثابت کروں گا۔ کہ وہ محض دھوکہ اور فریب ہے۔ جو کہ نادانفوں کو دینا چاہتے۔ اور سادہ لوحوں کو پھسلا کر اپنی بھڑ اس نکالنا چاہتے ہیں +

---

(۳) بابو صاحب مذکور کا کاری حربہ اور لاجواب دلیل یہ ہے۔ کہ آیت ھوالذی ارسل رسولہ بالھدی الخ قرآن میں تین جگہ آئی ہے۔ پہلے سورۃ نور میں جہاں یہود و نصاریٰ کا ذکر ہے۔ اور پھر خود ہی فرض کیا۔ کہ وہ سوائے محمد الرسول اللہ کے اور کسی کے واسطے نہیں ہے۔ دوسری جگہ سورہ فتح میں ہے۔ جہاں اس آیت کے ساتھ ہی لکھا ہے۔ محمد الرسول اللہ۔ اس لئے یہ بھی محمد الرسول اللہ کے لئے ہے۔ تیسری جگہ جہاں اسمہ احمد کا ذکر ہے وہاں بھی یہ آیت ہے۔ پس جب پہلے دو جگہ محمد الرسول کے لئے یہ آیت آئی ہے۔ تو ثابت ہوا۔ کہ تیسری جگہ بھی احمد سے محمد الرسول اللہ مراد ہیں۔ اور یہ آیت ان کے لئے ہے۔ یہ ہے بابو صاحب کی زبردست دلیل مع نتائج +

---

(۴) اگرچہ بابو صاحب نے پیوند اور ٹلنکے خوب لگائے ہیں۔ لیکن وہ لال بجھکڑ فاضل یقیناً آپ سے بڑھکر ہوگا۔ جو یہ کہدے۔ کہ قرآن میں تقربوا تین جگہ آیا ہے۔ لا تقربوا الصلوٰۃ لا تقربوا الزنا لا تقربوا مال الیتیم۔ اور تینوں جگہ لا تقربوا کا لفظ ہے۔ اس لئے ثابت ہوا۔ کہ صلوٰۃ۔ زنا۔ مال الیتیم ایک ہی چیز کا نام ہے۔ جو مختلف لفظوں میں ظاہر کیا گیا ہے +

---

(۵) فاضل بابو جی کو معلوم ہونا چاہیئے۔ کہ اس طرح پیوند لگانے سے دلیل نہیں بنا کرتی۔ دراصل ہر آیت اور لفظ کے معنی اور اس کا مفہوم سلسلہ کلام اور سیاق و سباق کے مطابق ہوتا ہے۔ اور سلسلہ مضمون پر بھی غور کرنا پڑتا ہے۔ قرآن اللہ تعالیٰ کا فصیح و بلیغ کلام ہے۔ کوئی ورک شاپ نہیں۔ نہ بابو عمر الدین صاحب کا بے ربط کلام ہے۔ جب ہم دیکھتے ہیں۔ کہ سورۃ توبہ میں عیسائیوں کے فتنہ کا ذکر کر کے اللہ تعالیٰ نے پیشگوئی کے طور سے یہ آیت نازل کی ہے۔ تو اس کا مصداق وہی شخص ہو سکتا ہے۔ جو عیسائی فتنہ کا سدباب کرنے والا ہے۔ اور وہی مسیح موعود ہے۔ یہاں صریح طور سے کسی کا نام علم کے طور پر مذکور نہیں۔ صفات کے طور سے ذکر ہے۔ اور مسیح موعود ہی صفت کے لحاظ سے اس کا مصداق ہے +

---

(۶) اب لیجئے سورۃ فتح والی آیت وہاں چونکہ ساتھ ہی محمد الرسول اللہ ہے۔ جو حضور کا اسم علم ہے۔ اس لئے یقیناً اس موقع پر حضرت محمدؐ کی نسبت یہ آیت ہے۔ اور آپ ہی اس آیت کے مصداق ہیں۔ لیکن تیسری جگہ سورہ صف میں جہاں یہ آیت ہے۔ وہاں بھی اسم علم کے ساتھ مذکور ہے۔ اور وہ اسم احمد ہے۔ اور اس کے مصداق احمد رسول ہیں۔ کیونکہ یقیناً محمد الرسول اللہ کا نام علم کے طور پر احمد نہیں۔ نہ قرآن میں اس کا کہیں ذکر ہے۔ قرآن میں آنحضرتؐ کا جہاں نام آیا ہے۔ وہاں محمد ہے۔ جو چار جگہ ہے۔ اور جہاں صفات آئے ہیں۔ وہ بہت ہیں۔ جیسے مزمل۔ مدثر۔ طہٰ۔ یٰسٓ۔ رؤف۔ رحیم وغیرہ لیکن احمد تمام قرآن میں صفت کے طور پر محمد الرسول کی نسبت کہیں نہیں آیا ہے۔ اگر آیا ہے تو اسم احمد آیا ہے۔ جو علم ہے۔ چونکہ اللہ تعالیٰ عالم الغیب ہے۔ اور اس نے پیغامی فتنہ کا سدباب کرنا تھا باوجود اس کے کہ آنحضرتؐ صفت کے لحاظ سے

Digitized by Khilafat Library Rabwah

احمد ہیں۔ مگر قرآن میں اس کا ذکر نہ کیا۔ تاکہ احمد رسول کی پیشگوئی مشتبہ نہ ہو جاوے۔ اور پیغامی فتنہ کا سدِ باب ہو۔ اسی وجہ سے دو مختلف جگہ دو مختلف ناموں سے علم کے طور پر اس کا ذکر کیا۔ کہ اس کے مصداق دو وجود ہیں۔ چنانچہ حضرت مسیح موعودؑ نے اس کی پوری تشریح کی ہے۔ کہ محمد الرسول اللہ صلعم کے دو بعثت ہیں۔ ایک بعثت کا زمانہ تکمیل ہدایت کا ہے۔ دوسرا تکمیل اشاعت ہدایت کا پس وہ رسول جو تکمیل ہدایت و دین الحق کے لئے آئے تھے۔ محمد الرسول اللہ ہی تھے۔ جس کا سورۃ فتح میں ذکر ہے۔ اور وہ رسول جو اشاعت ہدایت و دین الحق کے لئے آئے تھے۔ احمد رسول تھے۔ جس کا سورہ صف میں ذکر ہے +

---

(۷) بابو صاحب کا یہ فرمانا۔ کہ قادیانی جماعت کسی صورت میں بھی اس آیت کا مصداق محمد الرسول اللہ کو نہیں مانتی۔ یہ یہودیانہ تحریف ہے۔ اس پر ہم سوائے لعنۃ اللہ علی الکاذبین کے اور کیا کہہ سکتے ہیں۔ مگر چونکہ سورۃ صف میں تمام مضمون اوّل سے آخر تک مسیح موعودؑ کے زمانہ کا ہے۔ اور اس میں صاف طور سے بدعی الی الاسلام لکھا ہے۔ جس کی تصدیق میں علماء زمانہ نے باوجود خود اسلام سے دُور ہونے کے مسیح موعودؑ کو اسلام کی دعوت دی۔ اس وجہ سے یہ ثابت ہوتا ہے۔ کہ اسمہ احمد کی پیشگوئی مسیح موعودؑ کی نسبت ہے۔ اسی وجہ سے تو امیر پیغام نے بھی لکھا ہے۔ کہ "سلسلہ احمدیہ اس غرض کو پورا کرنا چاہتا ہے۔ جو قرآن شریف میں مسیح موعود کے آنے کی غرض بتلائی گئی ہے۔ یعنی دین اسلام کو کل دینوں پر غالب کرنا۔ اس غلبۂ اسلام کے متعلق جس کو مسیح کی آمد کی غرض ٹھیرایا گیا ہے۔ قرآن کریم فرماتا ہے۔ ھوالذی ارسل رسولہ بالھدیٰ الخ۔ اس آیت کے متعلق یہ مانا گیا ہے۔ کہ یہ غلبہ مسیح موعود کے وقت میں ہوگا۔" آپ اس آیت کا فیصلہ پہلے امیر پیغام سے کر لیں۔ اس کے بعد پھر قادیان کے طرف رخ کریں +

---

(۸) فاضل بابو جی نے ہمیں مخاطب کر کے یہ بھی لکھا ہے۔ کہ جیسا عذرے بعد ازیں۔ اللہ اور اس کے آیات کو چھوڑ کر اب تم کس بات پر ایمان لاؤ گے۔ بابو صاحب کو واضح رہے۔ کہ ہم نے قرآن کی آیت تو کیا ایک لفظ کو بھی نہیں چھوڑا ہے۔ مگر آپ افتؤمنون ببعض الکتاب وتکفرون ببعض کے مصداق ہو کر پوری سورۃ صف کو چھوڑ رہے ہیں۔ اور خود ساختہ تفسیر بالرائے قرآن کے منشاء کے خلاف کر رہے ہیں +

---

(۹) آپ نے اپنے خاص انداز میں یہ بھی لکھا ہے کہ قرآن کے مخالف تو مرزا صاحب کا الہام بھی بیکار ہے۔ ان کے خیال میں حضرت صاحب کے الہام قرآن کے خلاف بھی ہیں۔ گویا وہ خدا کا کلام نہیں۔ اور اشد مخالفین کے الزام کے مطابق جس کا حضرت صاحب نے ذکر کیا ہے۔ کہ ؎

افترا ہے جسے از خود ہی بنایا ہم نے

بابو صاحب بھی وہی سمجھ رہے ہیں۔ حالانکہ حضرت صاحب فرماتے ہیں۔ کہ میری وحی بھی خدا کا کلام ہے جس نے قرآن نازل کیا۔ اور جیسے میں قرآن پر ایمان رکھتا ہوں۔ اپنی وحی پر بھی ایمان رکھتا ہوں۔ اور صاف الفاظ میں فرمایا۔ کہ ؎

ہمچو قرآن منزہ اش دانم
از خطا ہا نہیں است ایمانم

مگر بابو صاحب اس کو قرآن کے خلاف بتا رہے ہیں آپ کھلم کھلا ارتداد کا اعلان کیوں نہیں کرتے۔ اس منافقت کی کیا ضرورت ہے۔ البتہ جلب منفعت مانع ہو۔ تو اور بات ہے۔ فی الحال پیغام پارٹی کو بھلا کر جب یہاں سے شکم سیری ہو جاوے۔ تو پھر دوسرا قدم اُٹھانا مناسب ہوگا +

---

(۱۰) اہل پیغام کو حضرت محمود سے عداوت ہی سہی مگر مسیح موعودؑ کے نام لیوا تو ہیں۔ خواہ وہ مسیح موعود کو معمولی مجدد ہی مانتے ہوں۔ لیکن میں خیال کرتا ہوں کہ وہ مفتری تو نہ جانتے ہونگے۔ نہ اُن کا یہ عقیدہ ہوگا۔ کہ حضرت صاحب کے الہامات بھی قرآن کے خلاف ہیں۔ خواہ وہ حضرت صاحب کے اجتہاد کو غلط بھی قرار دیں۔ اگر میرا خیال درست ہے۔ تو پھر پیغام نے یہ فقرہ شائع کرنا کیسے گوارا کیا۔ اور مسیح موعود کو مفتری تسلیم کیا۔ یہ ہیں عداوت محمود کے کرشمے۔ کہ فہم تک غائب ہو جاتا ہے۔ وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین۔ (تلک عشرہ کاملہ)

(کمترین مسیح الدین احمد از لنڈی کوتل)

یہودی مشن

رسالہ کذبات مرزا کا جواب

(از ماسٹر محمد علی اظہر قادیان)

(سلسلہ گذشتہ)

جھوٹ ۳۳ میں براہین احمدیہ حصہ پنجم صفحہ ۸۶ کے حوالہ سے لکھا ہے "کوئی نبی دنیا میں ایسا نہیں گذرا۔ جس نے اپنی پیشگوئی سمجھنے میں غلطی نہ کھائی ہو" اس پر جناب نے یوں یاوہ گوئی کی ہے "اے مرزا صاحب کے جاں نثارو۔ کچھ تو خوف کرو۔ کیا نبی تمہارے خیال میں کلہم غبی ہی ہوتے ہیں۔ کہ اپنے الہام کو ہی نہیں سمجھتے۔ انسان دوسروں کو بھی اپنے اوپر قیاس کرتا ہے۔ نبی خطا سے پاک ہوتا ہے۔ کیا قرآن یا حدیث سے مرزا صاحب کے اس دعویٰ کو صحیح ثابت کر سکتے ہو؟

اظہر:۔ خدا تعالیٰ نے قرآن شریف میں یہودیوں کے متعلق فرمایا ہے۔ فبما نقضھم میثاقھم لعنھم وجعلنا قلوبھم قسیۃ یحرفون الکلم عن مواضعہ ۔۔۔۔ الخ ۶/۱۳۔ پس ان کے وعدہ کو توڑنے

Digitized by Khilafat Library Rabwah

کے سبب سے ہم نے ان پر لعنت کر دی۔ اور ان کے دلوں کو سخت بنا دیا۔ وہ الفاظ کو اپنی جگہ سے ہٹاتے ہیں۔ اس آیت سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ کلام میں تحریف کر کے لوگوں کو دھوکا دینا اس بات کی علامت ہے کہ ایسا کرنے والے پر خدا تعالیٰ کی لعنت برس رہی ہے۔ اور خدا تعالیٰ نے اس کی کرتوتوں کی وجہ سے اس کے دل کو سخت کر دیا۔ اور اپنے نبی پر ایمان لانے کی توفیق اس سے چھین لی ہے۔ کیونکہ اس نے اس عہد کو توڑا ہے۔ جو آنے والے نبی پر ایمان لانے کیواسطے اس سے لیا گیا تھا۔ یہی نظارہ ہمیں میاں ابو عبیدہ صاحب آپ کی تحریر میں نظر آ رہا ہے۔ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام پر ایمان لانے کا عہد جو امتِ محمدیہ نے کیا ہوا ہے۔ اور ہر نسل بڑی بے قراری کے ساتھ ان کا انتظار ہی کرتی ہیں۔ اور قسی القلب ہو جانے کی وجہ سے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے کلام میں تحریف کر کے لوگوں کو گمراہ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ لہٰذا آپ اپنے آپ کو مندرجہ بالا آیت کا مصداق بنا رہے ہیں۔

اس کا ثبوت آپ کا جھوٹ ۳۳ کے ضمن میں براہین احمدیہ حصہ پنجم کا صفحہ ۸۶ سے پیش کردہ حوالہ ہے۔ جو اوپر تحریر ہو چکا ہے۔ مگر اصل عبارت صفحہ مذکور پر مندرجہ ذیل ہے "کوئی نبی دنیا میں ایسا نہیں گذرا۔ جس نے اپنی کسی پیشگوئی کے معنے کرنے میں کبھی غلطی نہ کھائی ہو"۔ اس ایک چھوٹے سے فقرہ میں سے لوگوں کو دھوکا دینے کی خاطر کس قدر تغیر کیا گیا ہے۔ "کسی"۔ اور "کبھی" کے دو لفظ بیچ میں سے حذف کر دیئے ہیں۔ اور "معنی کرنے میں" کی بجائے "سمجھنے میں" لکھ دیا ہے۔ تاکہ عبارت کا مفہوم ہی کچھ اور سے اور ہو جائے۔ اور لوگوں میں بے جا اشتعال پیدا کرنے کے لئے کافی وجہ پیدا ہو جائے۔ چنانچہ یحرفون الکلم عن مواضعہٖ کا پورا نمونہ دکھا کر اور کلام کو ایسے سانچے میں ڈھال کر جس پر آپ کا لوگوں کو مشتعل کرنے والا اعتراض صادق آ سکے۔ آگے بھر وہ اعتراض خوب زور و شور سے پیش کیا ہے۔ کہ "کیا نبی تمہارے خیال میں کلہم غبی ہی ہوتے ہیں۔ کہ اپنے الہام کو نہیں سمجھتے"۔ مگر اصل عبارت پر جو براہین احمدیہ میں موجود ہے یہ اعتراض نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ وہاں پر الہام اور ہر پیشگوئی کے متعلق الفاظ نہیں ہیں۔ بلکہ کسی پیشگوئی کے معنی کرنے میں کبھی غلطی نہ کھائی ہو" کے الفاظ ہیں۔ جو شاذ و نادر اور چند پیشگوئیوں کے متعلق ہو سکتے ہیں۔ نہ سب پیشگوئیوں کے متعلق؟

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام اپنی کتاب اعجاز احمدی صفحہ ۲۲ میں ایسا ہی فقرہ تحریر فرماتے ہیں۔ جو مندرجہ بالا فقرہ کی تشریح ہے۔ فرمایا ہے۔ "یہ کوئی نبی نہیں۔ جس نے کبھی نہ کبھی اپنے اجتہاد میں غلطی نہ کھائی ہو"۔ ایسا ہی صفحہ ۵۲ پر تحریر فرماتے ہیں "نبی کے ساتھ صدہا انوار ہوتے ہیں۔ جن سے وہ شناخت کیا جاتا ہے۔ اور جن سے اس کے دعویٰ کی سچائی کھلتی ہے۔ پس اگر کوئی اجتہاد غلط ہو۔ تو اصل دعویٰ میں کچھ فرق نہیں آتا..... پس نبی کے لئے اس کے دعوے کی اور تعلیم کی ایسی مثال ہے جیسا کہ قریب سے آنکھ چیزوں کو دیکھتی ہے۔ اور اُن میں غلطی نہیں کرتی۔ اور بعض اجتہادی امور میں غلطی کی ایسی مثال ہے۔ جیسے دور دراز کی چیز کو آنکھ دیکھتی ہے۔ تو کبھی ان کی تشخیص میں غلطی کر جاتی ہے"۔ ایسا ہی صفحہ ۲۶ میں تحریر فرماتے ہیں "نبیوں اور رسولوں کو ان کے دعویٰ کے متعلق اور ان کی تعلیموں کے متعلق بہت نزدیک سے دکھایا جاتا ہے۔ اور اس میں اس قدر تواتر ہوتا ہے۔ جس میں کچھ شک باقی نہیں رہتا۔ لیکن بعض جزوی امور جو اہم مقاصد میں سے نہیں ہوتے۔ ان کو نظر کشفی دور سے دیکھتی ہے۔ اور ان میں کچھ تواتر نہیں ہوتا۔ اس لئے کبھی ان کی تشخیص میں دھوکا بھی کھا لیتی ہے"۔ آخری فقرہ میں "کبھی" اور "بھی" پر غور کرو۔ اور پھر اپنی یہودیانہ تحریف سے اس کا مقابلہ کر کے اپنے اعتراض پر غور کرو۔ اور اگر آپ کے دل میں کہیں جگہ ہے۔ تو اس کا لحاظ رکھتے ہوئے دیکھو۔ کہ آپ نے مخلوق خدا کو گمراہ کرنے اور ان کی آنکھوں میں دھول ڈالنے پر کمر باندھی ہوئی ہے یا نہیں پس میاں ابو عبیدہ صاحب کچھ تو خدا کا خوف کرو۔ کچھ تو خدا سے شرماؤ۔ کچھ تو خدا کے حضور میں کھڑے ہونے کے دن کو یاد کرو۔ لوگوں کو دھوکا نہ دو۔ اپنے انجام کی فکر کرو۔

باقی رہی آپ کی تحدی۔ سو اس کے متعلق عرض ہے۔ کہ جس بات کا علم نہ ہو۔ اس پر اس قدر ضد اور اڑی کرنا اور تحدی تک نوبت پہنچا دینا بے حیاؤں کا کام ہے۔ قرآن شریف اور احادیث میں آپ کے سوال کے جواب موجود ہیں۔ مگر ع

کور چشم آنانکہ در انکار ہا افتادہ اند

اس لئے پہلے قرآن شریف سے ثبوت پیش کئے جاتے ہیں۔ پھر احادیث سے دیکھئے۔ خداوند تعالیٰ نے بطور قاعدہ کلیہ کے فرمایا ہے۔ وما ارسلنا من قبلک من رسولٍ ولا نبیٍ الا اذا تمنّٰی القی الشیطٰن فی امنیتہٖ۔ فینسخ اللہ ما یلقی الشیطٰن ثم یحکم اللہ اٰیٰتہٖ واللہ علیم حکیم۔ لیجعل ما یلقی الشیطٰن فتنۃ للذین فی قلوبھم مرض والقاسیۃ قلوبھم وان الظٰلمین لفی شقاقٍ بعیدٍ ولیعلم الذین اوتو العلم انہ الحق من ربک فیؤمنوا بہٖ فتخبت لہ قلوبھم وان اللہ لھاد الذین اٰمنوا الٰی صراطٍ المستقیم ۱۷/۱۴۔ اور ہم نے نہیں بھیجا۔ تجھ سے پہلے کوئی رسول اور نبی مگر (اس کو یہ بات پیش آئی) کہ اس نے جب (کسی الہام یا وحی یا کشف کے معنی کرنے میں) اپنی آرزو ظاہر کی۔ یعنی اپنا اجتہاد پیش کیا۔ شیطان نے اس کے اجتہاد میں دخل دیا۔ مگر جب وہ الہام پورا ہوا۔ تو خدا تعالیٰ نے شیطانی دخل کے اجتہاد کو منسوخ کر دیا۔ اور اپنے الہام کے اصل مفہوم کو پورا کر دیا۔ اور خدا تعالیٰ کو اصلی علم ہے۔ کہ الہام کا مفہوم کس رنگ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

میں ظاہر ہونے والا ہے۔ اور وہ اپنی حکمت کے ماتحت
ایسا ہونے دیتا ہے۔ تاکہ بنائے شیطانی دخل یعنی
نبی کی اجتہادی غلطی کو آزمائش ان لوگوں کے لئے
جن کے دلوں میں مرض ہے اور جو قسی القلب ہو گئے
ہیں۔ اور اس میں کچھ شک نہیں۔ کہ ظالم دور کے
شقاق میں پڑے ہوئے ہیں۔ اور تاکہ جان لیں وہ
لوگ جن کو علم دیا گیا ہے۔ کہ خدا تعالیٰ کا الہام حق
ہے (گو نبی اپنے اجتہاد میں غلطی کر بیٹھا ہے) پس
وہ اس پر ایمان لے آئیں۔ اور اس کے سامنے اُن کے
دل نرم اور عاجز ہو جائیں۔ اور بے شک اللہ مومنوں
کو صراط مستقیم کی طرف ہدایت کرنے والا ہے ؛

اور خود نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق فرمایا۔
واذا بدلنا ایۃ مکان ایۃ واللہ اعلم بما ینزل
قالوا انما انت مفتر بل اکثرھم لا یعلمون ہ
قل نزلہ روح القدس من ربک بالحق لیثبت
الذین اٰمنوا وھدیً وبشریٰ للمسلمین ہ ۱۴
یعنی جب ہم ایک نشان کو کسی اور نشان کے رنگ میں
بدل دیتے ہیں۔ اور اللہ بہتر جانتا ہے۔ کہ وہ الہام
جو اتارا ہے۔ کس رنگ میں پورا ہوگا۔ مگر منکر لوگ جو
باریک بین نہیں ہوتے کہتے ہیں۔ کہ تو جھوٹ بولتا ہے
بلکہ اکثر ان میں سے جاہل ہیں۔ تو کہدے۔ کہ یہ الہام
تو روح القدس نے تیرے رب کی طرف سے حق کے ساتھ
اتارا ہے۔ (میری اجتہادی غلطی سے الہام کی سچائی
پر کیا دھبہ آسکتا ہے) اس الہام کی اصل غرض تو یہ
ہے۔ کہ مومن ثابت قدم ہوں اور ہدایت پائیں۔ اور
بشارت حاصل کریں۔ اب دیکھئے اس آیت شریفہ سے
کس طرح پر صاف طور سے ثابت ہو گیا۔ کہ بعض دفعہ
اللہ تعالیٰ الہام اور وحی کے معانی جو وقوعہ کے لحاظ
سے درست ہوتے ہیں۔ نبی پر ظاہر نہیں کرتا۔ بلکہ نبی
بہ سبب مصالح الٰہی کے اور کچھ معانی سمجھ لیتا ہے۔
اور بمطابق آیت واللہ اعلم بما ینزل صرف اللہ تعالیٰ
ہی جانتا ہے۔ کہ اس الہام کا اصل وقوع کس طرح پر ہوگا
پھر جب وہ الہام پورا ہوتا ہے۔ اور نبی کے اجتہاد
کے خلاف ہوتا ہے۔ تو بمطابق آیت قالوا انما
انت مفتر منکر لوگ بجائے نبی کے فہم کی غلطی کی
دھیان کرنے کے یہ بات کہدیتے ہیں۔ کہ الہام ہی
جھوٹا نکلا۔ اور یہ نبی کا اپنا افترا ہے۔ پھر خدا تعالیٰ
فرماتا ہے۔ کہ بل اکثرھم لا یعلمون۔ یعنی یہ لوگ
اتنا بھی نہیں سمجھ سکتے۔ کہ الہام میں کونسا نقص واقع
ہوا۔ ہاں نبی کا اجتہاد غلط نکلا۔ مگر اس کے الہام
پر کیا جرح ہو سکتی ہے ؛

اب میں قرآن شریف سے بعض واقعات ایسے پیش
کرتا ہوں۔ جن سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ انبیاء علیہم السلام
نے الہام الٰہی کے معنی کرنے میں غلطی کھائی (۱) حضرت
نوح کی طرف وحی نازل ہوتی ہے۔ واوحی الی
نوح انہ لن یومن من قومک الا من قد اٰمن
۱۲ اور وحی بھیجی گئی نوح کی طرف یہ کہ کوئی ایمان نہ
لائیگا۔ تیری قوم میں سے مگر جو لا چکا سو لا چکا۔ پھر
دوبارہ کشتی بنانے کے حکم کے ساتھ سنایا جاتا ہے۔
واصنع الفلک باعیننا ووحینا ولا تخاطبنی
فی الذین ظلموا انھم مغرقون ۱۲ ۔ اور ہمارے
سامنے اور ہماری وحی کے مطابق کشتی بنا۔ اور
ظالموں کے بارے میں مجھ سے کچھ کلام نہ کر۔ کیونکہ
وہ ضرور غرق ہونے والے ہیں۔ پھر تیسری دفعہ کشتی
پر سوار ہونے کے وقت وحی نازل ہوتی ہے۔ فاذا
جاء امرنا وفار التنور فاسلک فیھا من کل
زوجین اثنین واھلک الا من سبق علیہ
القول منھم ولا تخاطبنی فی الذین ظلموا
انھم مغرقون ۱۲ ۔ دیکھو پہلی دفعہ بتایا گیا۔ کہ اب
کوئی ایمان نہیں لائیگا۔ دوسری دفعہ بتایا گیا کہ ظالموں
کے متعلق میرے پاس سفارش نہ کرنا۔ تیسری دفعہ
سوار ہونے کے وقت اہل کے متعلق خاص طور پر
ذکر کیا۔ کہ الا من سبق علیہ القول منھم۔ کو اسے
سوار نہ کرنا۔ جس کے متعلق ان میں سے پہلے ذکر ہو
چکا ہے۔ ..... اس آیت سے
معلوم ہوتا ہے۔ کہ جسے سوار کرنے سے منع فرمایا گیا ہے
اس کا ذکر پہلے بھی ہو چکا ہے۔ مگر باوجود اتنی فہمائش ہو
چکنے کے پھر حضرت نوح اپنے بیٹے کو پکارتے ہیں یعنی
ارکب معنا ولا تکن مع الکافرین ۱۲ ۔ اے بیٹے
ہمارے ساتھ سوار ہو جا۔ اور کافروں کے ساتھ نہ ہو۔
دیکھو تین الہام ہو چکنے اور تاکید در تاکید کے باوجود نوح
نے غلطی کھائی۔ اور یہ سمجھا بیٹا اب ایمان لے آئیگا۔
اور غرق ہونے سے بچ جائیگا۔ مگر خدا کے الہام سچے
تھے۔ بیٹے نے کورا جواب دیا۔ کہا سآوی الی جبل
یعصمنی من الماء۔ لیکن حضرت نوح علیہ السلام بیٹے
کے اس جواب سے بھی الہام الٰہی کی حقیقت کو نہیں سمجھے
حالانکہ خود کہا عاصم الیوم من امر اللہ کا جواب بھی دیا۔
آخر اس غلط فہمی میں مبتلا رہنے کی وجہ سے خدا تعالیٰ
کے حضور میں بھی سوال کر ہی دیا۔ رب ان ابنی من اھلی
وان وعدک الحق ۱۲ ۔ اب رب میرا بیٹا میرے
اہل سے ہے۔ اور ضرور تیرا وعدہ سچا ہے۔ وانت
احکم الحاکمین۔ اور تو سب فیصلہ کرنے والوں میں سے
بہتر فیصلہ کرنے والا ہے۔ دیکھو خدا نے جو فیصلہ کرنا
تھا۔ پہلے بتا دیا۔ اور وقت پر فیصلہ کر بھی دیا۔ بیٹا
غرق ہو بھی چکا۔ مگر حضرت نوح علیہ السلام پھر بھی حیرت
سے عرض کر رہے ہیں۔ کہ میرا بیٹا میرے اہل سے ہے۔
اور اہل کے متعلق تیرا وعدہ بچانے کا ہے۔ تیرا وعدہ سچا
ہوتا ہے۔ اور تیرا فیصلہ سب سے بہتر ہوتا ہے۔ تو پھر
میرا بیٹا کیوں غرق ہوا۔ دیکھو اگر حضرت نوح علیہ السلام
واھلک الا من سبق علیہ القول منھم کے یہ معنی
سمجھ گئے ہوتے۔ تو رب ان ابنی من اھلی ہو ۔۔۔ الخ
کے کلمات خدا کے حضور میں کس طرح عرض کر سکتے تھے۔
اور پھر بیٹے کو غرق ہوتے دیکھکر بھی لا تخاطبنی فی الذین
ظلموا انھم مغرقون کے معنی نہ سمجھ سکے۔ آخر خدا
تعالیٰ کو زوردار الفاظ میں سمجھانا پڑا۔ اور فرمایا۔ یا نوح
انہ لیس من اھلک انہ عمل غیر صالح فلا
تسئلن ما لیس لک بہ علم ان اعظک ان تکون
من الجٰھلین ۱۲ اے نوح وہ تیرے اہل سے نہیں
ہے۔ کیونکہ اس کے عمل غیر صالح ہیں۔ پس تجھے جس بات
کا علم نہیں۔ اس کے متعلق سوال مت کر۔ میں تجھے یہ نصیحت

Digitized by Khilafat Library Rabwah

کرتا ہوں۔ تاکہ تو جاہلوں میں سے نہ ہو جائے۔ غور کرو۔ ان الفاظ پر یہ کس حقیقت کا اظہار کر رہے ہیں۔ آپ کو بھی میں توجہ دلاتا ہوں۔ ولا تقف ما لیس لک بہ علم ۔۔۔ الخ۔ ۱۵/۳ جس بات کا تو علم نہیں رکھتا ضد اور اصرار کے ساتھ اس کے پیچھے مت پڑ۔ اگر آپ میں کچھ رشد اور ہدایت کا مادہ ہے تو آپ کو بھی حضرت نوح علیہ السلام کی طرح رب انی اعوذ بک ان اسئلک ما لیس لی بہ علم کہتے ہوئے ایسی یاوہ گوئیوں سے پرہیز کرنی چاہیئے۔ اور حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے خدام میں شامل ہو جانا چاہیئے۔ اسی میں خیر ہے۔ ورنہ اکن من الخاسرین کے انجام کے منتظر رہو۔

(ب) جب حضرت یوسف علیہ السلام کے چھوٹے بھائی چوری کے الزام میں رکھ لئے گئے۔ اور دوسرے بھائی حضرت یعقوب علیہ السلام تک خبر لائے۔ اس موقعہ پر آپ نے فرمایا۔ عسی اللہ ان یاتینی بھم جمیعاً ۱۲/۱۳ ۔ امید ہے۔ کہ اللہ ان سب کو میرے پاس لے آئیگا۔ اور اس کے متعلق آگے فرمایا۔ اعلم من اللہ ما لا تعلمون۔ ۱۲/۱۳ یعنی میں اللہ کی طرف سے بہت کچھ جانتا ہوں۔ جو تم نہیں جانتے ہو۔ یعنی میں اللہ تعالیٰ کے دیئے ہوئے علم کی بناء پر یہ کہتا ہوں۔ کہ اللہ تعالیٰ ان سب کو میرے پاس لے آئے گا۔ اور بیٹوں کو حکم دیا۔ کہ یبنی اذھبوا فتحسسوا من یوسف واخیہ ۱۲/۱۳ ۔ اے بیٹو۔ جاؤ اور یوسف اور اس کے بھائی کی تلاش کرو۔ مگر جب بھائی یوسف علیہ السلام کے پاس پہنچتے ہیں۔ تو وہ انہیں حکم دیتے ہیں۔ وائتونی باھلکم اجمعین ۱۲/۱۳ ۔ تم اپنے تمام گھر والوں کو میرے پاس لے آؤ۔ فلما دخلوا علی یوسف اوی الیہ ابویہ وقال ادخلوا مصر ان شاء اللہ امنین ۱۲/۱۳ ۔ پھر جب وہ پہنچے یوسفؑ کے پاس یوسفؑ نے جگہ دی اپنے والدین کو اپنے پاس اور کہا داخل ہو مصر میں انشاء اللہ امن سے۔ اب دیکھئے حضرت یعقوب علیہ السلام کا خدا سے حاصل کیا ہوا علم تو یہ کہتا ہے۔ کہ یوسف علیہ السلام اور اُن کا چھوٹا بھائی میرے پاس آئیں گے۔ مگر برخلاف اس کے ان سب کو یوسف علیہ السلام کے پاس جانا پڑتا ہے۔ کہ یہ حضرت یعقوب علیہ السلام کی وحی کا مفہوم سمجھنے میں غلطی نہیں ہے؟

(ج) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ایک رؤیا دیکھتے ہیں۔ جس کے متعلق قرآن شریف میں ذکر ہے۔ لقد صدق اللہ رسولہ الرؤیا بالحق لتدخلن المسجد الحرام ان شاء اللہ امنین محلقین رؤسکم ومقصرین لا تخافون فعلم ما لم تعلموا۔ ۲۷/۴۸ ۔ فعلم ما لم تعلموا کے کلمات سے ظاہر ہے۔ کہ خدا تعالیٰ کے علم میں جس طرح سے یہ واقعہ ظاہر ہونے والا تھا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ رضوان اللہ علیہم اس کو نہیں سمجھ سکے۔ اس لئے اسی سال پندرہ سو صحابہ کو ساتھ لے کر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ سے مکہ معظمہ کی طرف بارادہ عمرہ روانہ ہو پڑے۔ جب آپ معہ جماعت حدیبیہ کے مقام پر پہنچے۔ تو قریش مکہ اپنی جمعیت لے کر مقابلہ کے لئے آگئے۔ اور مزاحم ہوئے۔ اور کہا۔ کہ اس سے آگے ہم تمہیں بڑھنے نہیں دینگے۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو بطور قاصد ان کے پاس بھیجا گیا۔ اور ان کو بتایا گیا۔ کہ "ہم تو خانہ کعبہ کی زیارت اور اس کی تعظیم و تکریم کرنے کے لئے آئے ہیں۔ اور ہمارے ساتھ قربانی کے جانور بھی ہیں۔ ان کو قربانی کر کے ہم امن اور خوشی سے روانہ ہو جائیں گے۔" مگر کفار کی طرف سے یہی جواب تھا۔ کہ "ہم نے محمد (صلعم) کو کعبہ کی چار دیواری میں داخل ہونے سے روکنے کی قسم کھائی ہوئی ہے۔" اور ایسے بھی حالات پیدا ہو گئے۔ کہ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ کے شہید کئے جانے کا شبہ پیدا ہو گیا۔ اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہؓ سے آپ کی معیت میں جانیں تک راہ دینے کی بیعت لی۔ جسے بیعت رضوان کہتے ہیں۔ اور خدا تعالیٰ نے قرآن شریف میں اس کا ذکر یوں فرمایا ہے۔ لقد رضی اللہ عن المومنین اذ یبایعونک تحت الشجرۃ فعلم ما فی قلوبھم فانزل السکینۃ علیھم ۴۸/۲۶ ۔ تحقیق اللہ تعالیٰ مومنوں سے راضی ہوا۔ جب وہ تجھ سے درخت کے نیچے بیعت کرتے تھے پس اللہ تعالیٰ نے جان لیا جو اُن کے دلوں میں ہے اور (اُن کے اخلاص کو دیکھکر) خدا نے ان پر سکینت نازل کی۔ غرضیکہ بہت سی قیل وقال کے بعد اس مقام پر فریقین کے درمیان صلح تجویز ہوئی۔ جس کا نام صلح حدیبیہ ہے۔ اس صلح کی رُو سے نہ صرف آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو وہیں سے مدینہ کی طرف واپس ہونا پڑا۔ بلکہ اور بھی بعض ایسی باتیں منظور کرنی پڑیں۔ جو صحابہؓ کو ناگوار گذریں۔ اور ان کے دلوں کو سخت تکلیف معلوم ہوئی۔ اس پر حضرت عمرؓ حضور رسالت مآب صلعم میں حاضر ہوئے۔ اور مسلمانوں کے خیالات کو بدیں الفاظ پیش کیا۔ فقال عمر بن الخطاب فاتیت نبی اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقلت الست نبی اللہ حقاً؟ قال بلی قلت السنا علی الحق وعدونا علی الباطل؟ قال بلی۔ قلت فلم نعطی الدنیۃ فی دیننا اذا قال انی رسول اللہ ولست اعصیہ وھو ناصری قلت او لیس کنت تحدثنا انا سناتی البیت فنطوف بہ؟ قال بلی انا اخبرتک انا ناتیہ العام۔ قال قلت لا قال فانک آتیہ ومطوف بہ۔ (بخاری کتاب الشروط) یعنی حضرت عمرؓ ابن الخطاب نے فرمایا۔ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور میں حاضر ہوا۔ اور عرض کیا یا رسول اللہ کیا آپ خدا کے برحق رسول نہیں؟ آپ نے فرمایا ہاں بے شک میں خدا کا رسول برحق ہوں پھر میں نے عرض کیا۔ کیا ہم حق پر اور ہمارے دشمن باطل پر نہیں ہیں؟ آپ نے فرمایا ہاں بے شک۔ پھر میں نے عرض کیا۔ تو پھر کیا وجہ ہے۔ کہ ہم ایسی مضر شرائط کو قبول کریں۔ جو ہمارے دین کو نقصان پہنچانے والی ہیں۔ اس پر آپ نے فرمایا۔ کہ اس میں شک نہیں کہ میں خدا کا رسول ہوں۔ اور میں اس کے حکم کی نافرمانی

Digitized by Khilafat Library Rabwah

نہیں کرتا۔ اور وہی میرا مددگار ہے۔ ۔ ۔